**30-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم اختتام پذیر ہوگئی ہے۔ سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں یکم جون سنیچر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ اسی مرحلے میں، ہماچل پردیش کی 6 اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات اور اڈیشہ کی 42 اسمبلی سیٹوں کیلئے بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ جموں میں یاتریوں کو لے جارہی ایک بس کے کھائی میں گرجانے کے حادثے میں کم سے کم 20 افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ بھارتیہ ریزرو بینک نے رواں مالی سال کیلئے حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار کی ترقی 7 فیصد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس نے مزید کہا کہ بھارتی معیشت کا منظرنامہ روشن رہے گا۔

☆ محکمہ موسمیات نے کیرالہ میں جنوب مغربی مانسون کی آمد کا اعلان کردیا ہے۔ نیز اگلے کچھ دنوں میں اس کے جنوبی بھارت کے بقیہ حصوں میں پہنچنے کا امکان ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں تریشا جولی اور گائتری گوپی چند پر مشتمل بھارتی خواتین کی ڈبلز کی جوڑی سنگاپور اوپن کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے چناؤ مہم ختم ہوگئی ہے۔ اِس طرح عام انتخابات کیلئے چناؤ مہم سے متعلق سبھی سرگرمیاں اختتام کو پہنچ گئی ہیں۔ سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے پر محیط 57 پارلیمانی حلقوں میں ہفتے کو ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں اترپردیش اور پنجاب میں

تیرہ تیرہ سیٹوں پر، مغربی بنگال میں 9، بہار میں 8، اڈیشہ میں 6، ہماچل پردیش میں 4، جھارکھنڈ میں 3 اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ میں ایک سیٹ پر چناؤ ہوگا۔

لوک سبھا چناؤ کے اِس مرحلے میں کُل 904 امیدوار میدان میں ہیں۔

ہماچل پردیش میں 6 اسمبلی سیٹوں کے ضمنی چناؤ کے ساتھ ساتھ اڈیشہ میں 42 سیٹوں کیلئے اسمبلی چناؤ کیلئے بھی انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے۔

آج مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں نے آخری منٹ تک ہونے والی ریلیوں اور روڈ شو میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے اپنی کوششوں میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی اور انھوں نے اِن ریلیوں میں اپنی چناؤ مہم میں شدت پیدا کی۔ ہماچل پردیش میں مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر لیڈر نتن گڈکری نے منڈی پارلیمانی حلقے کے Karsog خطے میں ایک ریلی میں حصہ لیا۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی کُلّو میں Dhalpur میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ BJP کے امیدوار اور مرکزی وزیر انوراگ ٹھاکر کے ہمراہ ہمیر پور پارلیمانی حلقے میں انتخابی مہم بھی حصہ لیا۔

دوسری جانب کانگریس کے سینئر کی رہنما پرینکا گاندھی واڈرا نے سولن میں ایک روڈ شو کیا۔ جھارکھنڈ میں اب BJP، JMM، کانگریس، RJD اور بائیں بازو کی پارٹیوں سمیت مختلف سیاسی پارٹیوں نے گھر گھر جاکر اپنی انتخابی مہم شروع کر دی ہے اور وہ لوگوں سے اپیل کر رہے ہیں کہ وہ اُن کے امیدواروں کے حق میں ووٹ ڈالیں۔ جھارکھنڈ کے اعلیٰ چناؤ افسر K روی نے کہا ہے کہ شدید گرمی کے پیش نظر تمام پولنگ بوتھوں پر احتیاطی اقدامات کیے گئے ہیں۔ آزادانہ اور منصفانہ چناؤ کو یقینی بنانے کیلئے سیکورٹی فورسز کو بھارتی تعداد میں تعینات کیا گیا ہے۔ رائے دہندگان میں اعتماد پیدا کرنے کیلئے سیکورٹی فورسز کے جوانوں نے حساس علاقوں میں فلیگ مارچ کیا۔ x

**Rev. PM Kanyakumari**

لوک سبھا چناؤ کی اپنی انتخابی مہم ختم کرنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی تمل ناڈو کے تین روزہ دورے کے سلسلے میں کنیا کماری پہنچ گئے ہیں۔ کنیا کماری میں جناب مودی وویکانند Rock میموریل میں دھیان کر رہے ہیں۔ وہ ہفتے تک میموریل میں دھیان کریں گے۔ جناب مودی نے ساحلی شہر میں بھگوتی Amman مندر میں پوجا ارچنا کی۔

**Punjab Campaing with**

پنجاب میں آج انتخابی مہم کا شور وغل ختم ہوگیا ہے۔ آج آخری دن کئی سینئر رہنماؤں نے اپنے اپنے امیدواروں کے حق میں پُر زور طریقے سے انتخابی مہم میں حصہ لیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC Shishu

آج لوک سبھا چناؤ کی انتخابی مہم کے آخری دن BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ہوشیار پور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا جبکہ قومی صدر جے پی نڈّا نے امرتسر، فرید کوٹ اور روٹ نگر میں کئی روڈ شو

کئے اور عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ اسی دوران، کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی Nawanshahr میں پہنچے جبکہ عام آدمی پارٹی کنوینر اروند کیجریوال نے وزیر اعلیٰ بھگونت سنگھ مان کے ہوم ٹاؤن سنگرور Khatkarkalan میں ایک روڈ شو کیا۔ شیرومنی اکالی دل کے صدر سکھبیر سنگھ بادل بھی انتخابی مہم میں مصروف رہے۔ سبھی ضلعوں میں ضلع انتخابی افسروں نے شدید گرمی کو دیکھتے ہوئے پولنگ اسٹیشنوں پر بہت سے احتیاطی اقدامات کئے ہیں۔

پنجاب سے Shishu Sharma کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں حسین اختر

## BJP Congress

سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ نے یہ الزام لگایا ہے کہ BJP کے دورِ حکومت میں ملک کی معیشت میں عدم استحکام دیکھنے کو ملا ہے جس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ پنجاب کے ووٹروں کو اُن کے حق رائے دہی کا استعمال کرنے کیلئے انھیں ایک مراسلے میں جناب سنگھ نے الزام لگایا کہ BJP کی حکومت کے دور میں اوسطاً مجموعی گھریلو پیداوار GDP چھ فیصد پر آ گئی ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس UPA کے دورِ حکومت کے دوران، مجموعی گھریلو پیداوار تقریباً آٹھ فیصد تھی۔ ڈاکٹر سنگھ نے وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی پر لوک سبھا چناؤ کیلئے اپنی انتخابی مہم کی تقریروں کے دوران قابل اعتراض بیانات دینے کا الزام لگایا۔ اِسی دوران، BJP نے یہ کہتے ہوئے سابق وزیر اعظم کو تنقید کا نشانہ بنایا کہ معاشی پالیسی کو بحران کا سامنا تھا اور سابقہ حکومت کے دوران اُسے پانچ کمزور معیشت میں تصور کیا جاتا تھا۔

پارٹی کے ترجمان سید ظفر اسلام نے نئی دلّی میں میڈیا کو بتایا کہ منموہن سنگھ کے دور میں افراطِ زر دو عددی تھا۔ جناب اسلام نے یہ الزام بھی لگایا کہ غیرفعال اثاثے بہت زیادہ تھے اور کانگریس کے دور میں بینکنگ سیکٹر کی حالت بہت خراب تھی۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ سینئر کانگریس کے لیڈر لوک سبھا چناؤ میں ہار کے احساس کو دیکھتے ہوئے جناب مودی کے خلاف الزامات لگا رہے ہیں۔x

## Rev. J&K Accident

لوک سبھا چناؤ کی اپنی انتخابی مہم ختم کرنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی تمل ناڈو کے تین روزہ دورے کے سلسلے میں کنیا کماری پہنچ گئے ہیں۔ کنیا کماری میں جناب مودی وویکانند Rock میموریل میں دھیان کر رہے ہیں۔ وہ ہفتے تک میموریل میں دھیان کریں گے۔ جناب مودی نے ساحلی شہر میں بھگوتی Amman مندر میں پوجا ارچنا کی۔ x

## President PM J&K Accident

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی کے جموں کے نزدیک Akhnoor میں ایک بس حادثے میں ہوئے جانی نقصان پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ انھیں بس حادثے میں ہوئے جانی نقصان سے گہرا صدمہ پہنچا ہے۔ انھوں نے زخمیوں کی جلد شفایابی کی دعا کی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے مہلوکین کے اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے ہر ایک مرنے والے کے لواحقین کو دو دو لاکھ روپے نیز زخمیوں میں ہر ایک کو پچاس پچاس ہزار روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ x

## RBI Annual Report GDP Growth

ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے رواں مالی سال میں مجموعی گھریلو پیداوار میں 7 فیصد شرح نمو کا تخمینہ پیش کیا ہے۔ اپنی سالانہ رپورٹ میں اس نے بتایا کہ سال 2024-25 کیلئے حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار میں درپیش خطرات کو متوازن کرتے ہوئے شرحِ نمو کا تخمینہ لگایا ہے۔

RBI کے مطابق مالی سال 2024 میں بھارتی معیشت کو زبردست فروغ حاصل ہوا اور حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار گزشتہ برس کے مقابلے 7 فیصد سے بڑھ کر سات اعشاریہ چھ فیصد ہوگئی۔ سالانہ رپورٹ کے مطابق پائیدار اور مستحکم میکرو معیشت کی بنیاد اور مضبوط مالی اور کارپوریٹ شعبوں کی بدولت بھارتی معیشت کا منظر نامہ امید افزا ہے۔

RBI کی رپورٹ کے مطابق غیر ملکی Securities سے سودی آمدنی میں غیر معمولی اضافے کے سبب مالی سال 2023-24 میں RBI کی آمدنی میں سالانہ میعاد پر 17 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

22 مئی کو RBI کے ڈائریکٹرز کے مرکزی بورڈ نے مالی سال 2023-24 کیلئے 2 لاکھ 11 ہزار کروڑ روپے کو اضافی رقم کے طور پر سرکار کو منتقل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ ریزرو بینک نے کہا کہ اضافی رقم کی سرکار کو منتقلی Bimal Jalan کمیٹی کی سفارشات کے تحت RBI کے ذریعے 26 اگست 2019 کو اپنائے گئے معاشی سرمائے کے طریقۂ کار، ECE پر مبنی ہے۔

ریزرو بینک کے پاس موجود غیر ملکی زرمبادلہ سے ہوئی اچھی آمدنی کی بدولت اضافی رقم میں یہ زبردست اضافہ ہوا ہے۔ x

## Uttrakhand VP

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کسانوں سے جدید ٹیکنالوجی اپنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ وہ اپنی زرعی سرگرمیوں میں تیزی سے اضافہ کرسکیں۔ نائب صدر اتراکھنڈ کے اودھم پور سنگھ ضلع میں زراعت اور ٹیکنالوجی کی گووند بلّبھ پنتھ یونیورسٹی میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ x

## IMD Monsoon

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کیرالہ میں جنوب مغربی مانسون کے شروع ہونے کا اعلان کیا ہے اور یہ آج شمال مشرقی بھارت کے بیشتر حصوں کی طرف بڑھ گیا ہے۔ مانسون پہلی جون کی اپنی معمول کی تاریخ سے دو دن پہلے پہنچا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل Mrityunjay Mohapatra نے بتایا کہ اگلے دو سے تین روز کے دوران کرناٹک، تمل ناڈو، پڈوچیری سمیت جنوبی بھارت کے باقی حصوں میں بھی

مانسون پہنچنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔

S/B 1400 Mohapatra DG Monsoon

کیرالہ میں شدید بارش جاری ہے جہاں تھیرواننتھا پورم اور ارناکلم سمیت کئی ضلعوں میں پانی جمع ہونے کی اطلاعات ہیں۔

ریاست میں کچھ روز سے مانسون سے پہلے شدید بارش ہو رہی ہے۔ Alappuzha، Kottayam اور ارناکلم میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ دیگر ضلعوں میں Yellow الرٹ ہے۔ متاثرہ علاقوں میں راحتی کیمپ کھولے گئے ہیں۔ ریاست میں آفات کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی نے پہاڑی خطوں میں مٹی کے تودے کھسکنے کی وارننگ جاری کی ہے۔ بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ سمندر میں نہ جائیں۔ ڈاکٹر موہاپاترا نے بتایا کہ جنوب مغرب میں طوفانی ہواؤں کے پہنچنے کی وجہ سے شمال مغربی بھارت میں بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

S/B 1400 Mohapatra Heatave

## Mumbai Central Railway

ممبئی میں سینٹرل ریلوے نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ آج نصف شب سے اتوار کی سہ پہر تک مقامی ٹرینوں میں سفر نہ کریں کیونکہ کم از کم 930 مقامی ٹرینوں کو 63 گھنٹے تک بلاک کئے جانے کی وجہ سے منسوخ کردیا جائے گا۔ سینٹرل ریلوے نے بتایا ہے کہ وہ جمعرات کی نصف شب سے اتوار کی سہ پہر تک تھانہ اسٹیشن میں پلیٹ فارم کو چوڑا کرنے کے کام کی خاطر 63 گھنٹے کے بلاک پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ ساتھ ہی ساتھ پلیٹ فارم کی توسیع کی کام کیلئے CSMT اسٹیشن میں 36 گھنٹے کو بلاک کرنے پر بھی عملدرآمد ہوگا تا کہ 24 کوچیز ٹرینوں کو شامل کرنے کیلئے گنجائش رکھی جاسکے۔x

## Centre Gratuity

حکومت نے ریٹائرمنٹ Gratuity اور بعد از مرگ Gratuity کی زیادہ سے زیادہ حد کو 20 لاکھ سے بڑھا کر 25 لاکھ روپئے کردیا ہے۔ عملے، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت نے اس سلسلے میں ایک سرکاری میمورنڈم جاری کیا ہے۔ اس کے مطابق اضافہ شدہ حد کا اطلاق اسی برس یکم جنوری سے مانا جائے گا۔x

## MEA Briefing

بھارت نے جنوبی غزہ میں فلسطینی شہر رفح میں شہریوں کی ہلاکتوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو بیان دیتے ہوئے امور خارجہ کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ رفح میں عارضی کیمپ میں انسانوں جانوں کی دردناک ہلاکتیں گہری تشویش کا معاملہ ہے۔انھوں نے کہا کہ اسرائیل نے پہلے ہی اس المناک حادثے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے اس واقعے کی جانچ کا اعلان کیا ہے۔

لاہور اعلامیہ پر پاکستان کے سابق وزیر اعظم نواز شریف کے تبصرے کا ذکر کرتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ اس مخصوص معاملے پر پاکستان میں ایک معروضی نقطۂ نظر ابھر رہا ہے۔

JD(S) کے معطل شدہ ممبر پارلیمنٹ Praijwal Revanna کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے رندھیر جیسوال نے کہا کہ امور خارجہ کی وزارت نے بھارتی پاسپورٹ ایکٹ 1967 کی شقوں کے تحت ان کے سفارتی پاسپورٹ کو منسوخ کرنے کیلئے کارروائی کی ہے۔ x

## India Japan JWC Meet

بھارت اور جاپان نے دہشت گردی سے نمٹنے کے معاملے پر مشترکہ ورکنگ گروپ کی چھٹی میٹنگ کی۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق کل میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں نے اپنے اپنے خطوں میں دہشت گردی کے خطرات پر نظریات کا تبادلہ کیا۔ فریقین نے جنوبی ایشیا، جنوب مشرقی ایشیا، مشرقی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کی سرکار کی پشت پناہی والی دہشت گردی نیز افغانستان اور پاکستانی خطے میں دہشت گردانہ سرگرمیوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ وزارت نے کہا کہ دونوں ملکوں نے اطلاعات کے تبادلے، صلاحیت سازی، تربیتی پروگراموں اور مشقوں وکثیر رخی فورموں کے درمیان تال میل کے ذریعے دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے تعاون کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔x

## MEA Migration

بیرون ممالک کام کرنے والے کارکنوں کے لئے روزگار کے فروغ کی غرض سے وزارتِ خارجہ، الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور CSC ای-گورنینس سروسز انڈیا لمٹیڈ کے درمیان ایک سہ فریقہ سمجھوتے پر دستخط کئے گئے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزارت کے ای- مائیگریٹ پورٹل کو پورے ملک کے 5 لاکھ سے زیادہ کامن سروس سینٹرز کے ساتھ منسلک کیا جا رہا ہے۔x

## Badminton

بیرون ممالک کام کرنے والے کارکنوں کے لئے روزگار کے فروغ کی غرض سے وزارتِ خارجہ، الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور CSC ای-گورنینس سروسز انڈیا لمٹیڈ کے درمیان ایک سہ فریقہ سمجھوتے پر دستخط کئے گئے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزارت کے ای- مائیگریٹ پورٹل کو پورے ملک کے 5 لاکھ سے زیادہ کامن سروس سینٹرز کے ساتھ منسلک کیا جا رہا ہے۔ x

## Boxing Olympic Qualification

باکسنگ میں Sachin Siwach، بینکاک کے شہر تھائی لینڈ میں عالمی کوالیفکیشن ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ سچن نے 57 کلوگرام کے زمرے میں ترکی کے مکّے باز Batuhan Ciftci کو پانچ صفر سے ہرایا۔ سنجیت کمار، Venezuela کے Luis Sanchez کے خلاف پانچ-صفر سے جیت حاصل کرنے کے ساتھ ہی

مردوں کے 92 کلو گرام زمرے کے 16 ویں راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ خواتین کے 57 کلو گرام زمرے میں Jaismine Lamboria نے آذر بائیجان کی Mahsati کے خلاف پانچ- صفر سے جیت حاصل کرنے کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کیا۔x

## Jharkhan Polling

جھارکھنڈ کے تین حلقوں، گوڈّا، دُمکا اور راج محل میں آج شام انتخابی مہم ختم ہوگئی۔ BJP، جے ایم ایم، کانگریس، RJD اور بائیں بازو کی پارٹیوں سمیت، سیاسی پارٹیاں اب گھر گھر جاکر انتخابی مہم انجام دے رہی ہیں تاکہ اپنے اپنے امیدواروں کے حق میں ووٹروں کو راغب کیا جاسکے۔ جھارکھنڈ کے اعلیٰ انتخابی افسر کے روی کمار نے کہا ہے کہ شدید گرمی کے پیش نظر ہر بوتھ پر بہت سے اقدامات کئے گئے ہیں۔ آزادانہ اور منصفانہ چناؤ کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی فورسز کی بھاری تعداد کو تعینات کیا گیا ہے۔ رائے دہندگان میں اعتماد پیدا کرنے کی غرض سے حساس علاقوں میں سکیورٹی کے جوانوں نے فلیگ مارچ بھی کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆